2018年10月16日ジャング紙ラホール版1面

ضمنی انتخابی نتائج میں تبدیلی کا امکان

اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ شامل کرنے کا فیصلہ

الیکشن کمیشن آئی ووٹنگ سے مطمئن، 6 حلقوں میں جیت کا فرق انتہائی کم، ووٹ فیصلہ کن کردار ادا کرسکتے ہیں

اسلام آباد / لاہور (نمائندہ جنگ، نمائندہ خصوصی) الیکشن کمیشن نے اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ کو ضمنی انتخابات کے حتمی نتائج میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے بعد ضمنی انتخابی نتائج میں تبدیلی کا امکان پیدا ہو گیا ہے کیونکہ 6/ حلقوں میں جیت کا فرق انتہائی کم ہے اور سمندر پار پاکستانیوں کے ووٹ فیصلہ کن کردار ادا کرسکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف الیکشن کمشنر جسٹس (ر) سردار رضا خان سے چیئرمین نادرا عثمان مبین اور دیگر حکام نے ملاقات کی جس میں چیئرمین نادرا نے الیکشن کمیشن حکام کو سمندر پار پاکستانیوں کی آئی ووٹنگ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ الیکشن کمیشن نے نادرا کی بریفنگ کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹوں کو گنتی کرکے حتمی نتائج میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضمنی انتخابات میں 34/ حلقوں میں 6/ ہزار 233 سمندر پار پاکستانیوں نے ووٹ کاسٹ کئے۔ الیکشن کمیشن نے انٹرنیٹ کے ذریعے کاسٹ تمام ووٹوں کی تفصیلات متعلقہ ریٹرننگ افسران کو بھجوا دی ہیں، ریٹرننگ افسران فارم 48 اور فارم 49 میں ان ووٹوں کو حتمی رزلٹ کا حصہ بنائیں گے۔